© rasailojaraid.com



~~تخفیدۂ~~ روح کا باعث ہوتا ہے، ہر دور میں علماء اسلام نے انتہائی عرق ریزی کے ساتھ تفحص و تجسّس کا حق ادا کرتے ہوئے اپنے اپنے طرز پر آنحضرت صلعم کی حیاتِ طیبہ کے واقعات و احوال کو ترتیب دیا ہے اور اس طرح سے انہوں نے اسلام کی ایک عظیم الشان خدمت انجام دی ہے، اسی طرح کی خدمت کے سلسلے کی ایک کڑی مولوی رہبر فاروقی صاحب کی تالیف لطیف حجۃ الوداع ہے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اس تاریخ ساز آخری حج کے حالات و واقعات عربی زبان کے علاوہ اردو کی بہت سی کتابوں پر شامل ہیں۔ اسی عنوان پر کئی مستقل رسائل بھی شائع ہو چکے ہیں لیکن مولوی فاروقی صاحب کی یہ کتاب اس باب میں منفرد ہے کہ دیگر کتب کے مقابل اس میں واقعات کو زیادہ تفصیل و ترتیب سے پیش کیا گیا ہے۔ اسی کے ساتھ فاروقی صاحب نے حجۃ الوداع سے متعلق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے معجزات اور دوران سفر انبیاء سابقین کی معیت کا بیان بھی اس کتاب میں شامل کر لیا ہے۔ علاوہ ازیں نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے عمرے اور سفر کے تذکروں کی شمولیت نے بھی اس کتاب کی اہمیت کو بڑھا دیا ہے، تمام واقعات تاریخوں کی ترتیب کے ساتھ والہانہ اور عالمانہ انداز میں پیش کئے ہیں، حق تعالیٰ فاروقی صاحب کی اس خدمت کو قبول فرمائے۔ آمین!

ایسی اہم کتاب میں ماخذ اور انڈیکس کے باب کی کمی شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ کتابت و طباعت بھی شایان شان نہیں ہے۔ (م - ع)

## مصنفین زنداں

مؤلّف مولوی محمد انیس الرحمٰن قاسمی صاحب سائز ۲۰×۳۰/۱۶

صفحات ۱۶۰ قیمت مجلد چار روپے پچھتر پیسے ۴/۷۵

ملنے کا پتہ :۔ کتب خانہ محمودیہ، دیوبند۔ ضلع سہارنپور

© rasailojaraid.com